07/03/2026

07.40/PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبروں کا بلٹن لےکر مینمحمود احمد خان

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر داخلہ امت شاہ نے ہری دوار اترا کھنڈ میں ایک ہزار129کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کو کیا قوم کے نام وقف۔

*........لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے شیو کھوڑی جموں میں مکمل کئے گئے جازبیت کے کئی کاموں کا کیا افتتاح ۔

*........ UPSC سول سروسز2025امتحانات میں جموں کشمیر کے 17امید وار کامیاب // لیفٹننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے اس کامیابی کو جموں کشمیر کیلئے دیا باعث افتخار قرار ۔

اور

*........ T-20 عالمی کپ کرکٹ ٹورنا منٹ کے فائنل میں کل بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ۔ مردوں کے

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج شیو کھوڑی جمونمیں بنیادی ڈھانچے کوتقویت بخشنے اور جاذبیت JSW گروپ نے کارپوریٹ میں اضافہ کرنے کیلئے مکمل کئے گئے کئی کامونکا افتتاح کیا۔یہ کام سماجی ذمہ داری کے تحت مکمل کئے ہیں۔

JSW گروپ کے سنجن جندل کا شکریہ ادا کیا ۔ ایل جی ایل جی نے یہ اہم کام مکمل کرنے کیلئے نے گروپ کے اس کام کو انسانیت کیلئے اہم قرار دیا۔

ایل جی نے کہا کہ وہ جموں کشمیر کو روحانیت کے ایک اہم مرکز کے طور پر اجا گر کرنے کے وعدہ بند ہیں۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے آج سپیشل سکیورٹی فورس کے سینئر گریڈ کانسٹیبل لوکش سنگھ کی بنیادونپرتعیناتی لیٹر سونپا ۔مذکورہ اہلکار ایک سڑک Compassionate کو Bandhral اہلیہ سپنا حادثے میں جاں بحق ہوا تھا۔ ایل جی نے متاثرہ اہل خانہ کوانتظامیہ سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں میں بجلی محکمے کی طرف سے منعقد کئے گئے لائن مین دیوس تقریبات میں شرکت کی ۔ انہوں نے وہاں بجلی تقسیم کاری کا کام کرنے والے عملے کے عملے کی تعریف Men ساتھ بات کی اور بجلی کی بہتر سہولیات صارفین تک پہنچانے میں لائن کیں۔

عمر ملاقات

جموں میں آج متعدد سیاسی لیڈروں اور عوامی وفود نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں اپنے اپنے علاقوں کے مسائل سے روشناس کرایا۔ وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ہری دوار اُترا کھنڈ میں ایک ہزار 129کروڑ روپے لاگت والے متعدد پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور کئی ایک کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقعے پرجَن جَن کی سرکارچار سال بے مثال موضوع کے تحت ایک تقریب کا بھی انعقاد کیا گیا ۔ علاوہ ازیں اُترا کھنڈ حکومت کی اہم حصولیابیوں کو اجا گر کرنے کیلئے ایک نمائش کا بھی انعقاد کیا گیا۔

رائے سینا

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ملک کا ترقیاتی سفر بھارت اور اس کی مضبوطی سے ظاہر ہوگا نہ کہ دوسروں کی غلطیوں سے ۔ انہوں نے ان باتوں کا رائے سینا ڈائیلاگ 2026کے دوران مختلف ملکوں کے لیڈروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کیا ۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کی سمت واضح اور نہ رکنے والی ہے ۔

جن اوشدھی

آج جن اوشدھی دیوس ہے ۔ یہ دن منانے کا مقصد ضروری ادویات معقول نرخوں پر تمام شہریوں تک پہنچانا ہے۔اس وقت ملک بھر میں 15ہزار سے 18ہزار تک جن اوشدھی کیندر قائم ہیں جہاں لوگوں کورعایتی نرخوں پر ادویات دستیاب کرائی جاتی ہے ۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے جن اوشدھی دیوس کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے جن اوشدھی کیندروں کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت بے شمار کنبے کم قیمتوں پر علاج و معالجہ اور ادویات کی بہتر سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی یوجنا کے مستفیدین کو مبارکباد دی ہے۔

UPSC

نے سول سروسز امتحانات 2025 کے نتائج کا اعلان کیا ہے ۔ کل 958 امیدواروں نے یہ UPSC نے دوسری اور Rajeshwari Suve نے پہلی جبکہ Anuj Agnihotri امتحان کوالیفائی کیا ہے ۔ نے تیسری پوزیشن حاصل کی ہے ۔ Akansh Dhull

Anujعلاقے سے تعلق رکھنے والے Rawatbhata راجستھان کے چتورگڑھ ضلع کے نے اپنی کامیابی کے بارے میں کہا۔ Agnihotri

............Anuj........

جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے ڈیڑھ درجن کے قریب امید واروں نے یہ امتحان پاس کیا۔

اننت نا گ ضلع کے بجبہاڑہ علاقے سے تعلق رکھنے والے منیب افضل پرہ نے یہ امتحان پاس کرنے پر ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

............Muneeb........

کا UPSCبانڈی پورہ ضلع کے نائد کھئے علاقے سے تعلق رکھنے والے عرفان احمد لون نے بھی امتحان پاس کیا ہے ۔ یہ نوجوان بچپن سے ہی قوت بینائی سے محروم ہے۔ انہوں نے اپنی کامیابی کے حوالے سے ہمارے نمائندے عادل اسمائیل کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Irfan........

پلوامہ ضلع کے پڑھل علاقے سے تعلق رکھنے والے توصیف احمد گنائی نے بھی یہ امتحان254وینرینک کے ساتھ کوالیفائی کیا ۔ ہمارے نمائندے میر نذیر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اپنی کامیابی کے بارے میں کہا۔

........Towseef........

مبارکباد

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے یونین پبلک سروس کمیشن (UPSC) کے سیول سروسز امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والے جموں کشمیرکے امیدواروں کو مبارک باد پیش کی ہے۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ کامیابی پورے خطے کے لئے باعث فخر ہے۔انہوں نے کامیاب امید وار وں کیلئے نیک خواہشات کا اظہا رکیا ۔

واضح رہے کہ جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے لگ بھگ ڈیڑھ درجن امید واروں نے یہ امتحان پاس کیا ہے ۔

فاروق مبارک

سول سروسز امتحان میں کامیابی UPSC نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فارو ق عبداللہ نے بھی حاصل کرنے والے امید واروں کو مبارکباد دی ہے ۔

سکینہ

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے زندگی کے مختلف شعبوں میں خواتین کے کلیدی رول کو اجا گرکیا ہے ۔ ابھینو تھیٹر جموں میں مشن شکتی اور جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچراینڈ لنگویجز کی طرف سے زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کار کردگی دکھانے والی خواتین کی عزت افزائی کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کی خواتین فخر کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے ۔ اس موقعے پر انہوں نے خواتین کے بین الاقوامی دن کو توصیفی اسناد سے نوازا ۔Achivers کے سلسلے میں وومن

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.co پر بھیج سکتے ہیں ۔

رمضان

آج رمضان المبارک کی17تاریخ ہے ۔ آج ہی کے دن تاریخِ اسلام کا ایک عظیم واقع " معرکہ بدر" پیش آیا ہے۔ میدانِ بدر سے عالم انسانیت کو امن اور رواداری کا پیغام ملا ۔

آج ہی اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا یوم وصال بھی ہے۔ اس تعلق سے آج علمائے دین نے نماز ظہر کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سیرت پاک کے مختلف گوشوں کو اُجاگر کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو تاریخ اسلام میں اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ آپؓ علم و عمل کی ایک عظیم مثال اور شرم و حیا کی پیکرہیں۔اس تعلق سے ایک عالمہ مریم عابدہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے شہدائے بدر کی عظمت کے حوالے سے مسجد شریف زیارت حضرت سید کمال الدین مدنیؒ کنہ مراز چوک نوال کدل میں وعظ فرمایا۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات نے آج ایک میٹنگ کے دوران پولیس ضلع اونتی پور ہ میں مجموعی سلامتی صورتحال اور امن و قانون کو بر قرار رکھنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا کشمیر وی کے بردی اورIGPجائزہ لیا۔میٹنگ میں سپیشل ڈی جی کارڈنیشن ایس جے ایم گیلانی ، جاوید اقبال متو نے بھی شرکت کی -DIG SKR

نے ضلع پلوامہ میں امن و قانون اور سلامتی صورتحال DGP بعد میں ایک اور میٹنگ کے دوران کے ساتھ ساتھ دہشت پسندی مخالف اقدامات کا جائزہ لیا۔

نے قوم دشمن عناصر اور منشیات کے ساتھ ساتھ دیگر جرائم کے خلاف سخت DGP اس موقعے پر کارروائی کرنے پر زور دیا ۔

جموں پولیس

پولیس نے ادھمپور میں دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتارکیا۔

جموں پولیس ساوتھ زون نے جرائم کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے سونا چور ی کرنے کے ایک معاملے کو چوبیس گھنٹے کے اندر حل کیاہے۔

کشمیر پولیس

پولیس نے جیولاجی اینڈ مائنگ ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے گاندربل میں غیر قانونی کان کنی میں ملوث 11گاڑیوں اوردو JCBs- کو ضبط کیاہے

بارہمولہ میں پولیس نے ایک ایسی ہی کارروائی میں غیر قانونی کان کنی میں ملوث2ٹریکٹروں کو ضبط کیا ہے ۔ جبکہ شوپیان میں بھی پولیس نے بھی غیر قانونی کان کنی میں ملوث 2ڈمپرس، ایک JCB- اور تین ٹیپرس کو ضبط کیا

ماہ رمضان کے پیش نظر گاندربل کے کنگن بازار میں آج متعلقہ تحصیلدار محکمہ فوڈ سیفٹی اور پولیس کے اشتراک سے ایک مارکیٹ چکینگ مہم کا انعقاد کیا ۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

محبوبہ

PDP صدر او ر سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ ایران میں حالات خراب ہونے کی وجہ سے جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے کافی تعداد میں طلباءوہاں درماندہ ہو گئے ہیں۔ PDP کی جانب سے بھیجی گئی ایک سوشل میڈیا پوسٹ لنک میں محبوبہ مفتی نے وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے اپیل کی ہے کہ وہ ان طلباءکی بحفاظت واپسی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں ۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے پارٹی ہیڈ کواٹر پر ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کی پارٹی لوگوں کے آئینی اور جمہوری حقوق کی

پاسداری کرنے کیلئے وعدہ بند ہے ۔انہوںنے کہا کہ پچھلے ڈیڑھ برس کے دوران حکومت نے لوگوں کی راحت رسانی میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا ۔

اسپتال رعنا واری میں ایک جائزہ JLNM نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج میٹنگ کی صدارت کی ۔اس دوران انہوںنے اسپتال سے جڑے متعدد امور کا جائزہ لیا۔نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سرکردہ عالم دین مرحوم مولانا یوسف شاہ ؒ کے یوم وصال پر انہیں خراج عقیدت ادا اکرتے ہوئے ان کی شخصیات کے مختلف پہلوؤں کو اجا گر کیا۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے لوگوں کو بقول ان کے کمزور حکمرانی نظام اور انتظامی غفلت شعاری کی وجہ سے در پیش مسائل پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک پریس بیان میں انہوں نے الزام لگایا کہ ترقی اور بہبودی کیلئے مختص رقومات مکمل طور سے صرف نہیں کئے جا رہے ہیں جس سے کئی علاقوں میں لوگوں کومعقول سہولیت دستیاب نہیں ہو پا رہی ہے ۔

انتقال

وادی کے ایک معروف صحافی اور روزنامہ ندائے مشرق کے مدیر اعلیٰ عبدالرشید شاہ آج صبح طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ کئی سیاسی ، ادبی اور صحافتی شخصیات اور انجمنوں نے مرحوم کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر ، نیوز ایڈیٹر اشفاق احمد شاہ اور دیگر عملے نے ان کے انتقال پر رنج والم کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے مرحوم کی جنت نشینی کیلئے دعاکی ۔

جن دیگر انجمنوں نے عبدالرشید شاہ کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے ان میں محفل بہار ادب شاہورہ پلوامہ شامل ہیں۔

صدر مبارکباد

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے خواتین کے بین الاقوامی دن پر ملک کے شہریوں بالخصوص خواتین کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں انہوںنے کہا کہ سماج اور قوم کی تعمیر میں خواتین ایک اہم رول ادا کر رہی ہیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران کشمیر صوبے میں مائیگرنٹ ملازمین کیلئے تعمیر ہو رہی ٹرنزٹ رہائش کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ وادی میں20مقامات پر کل6ہزار فلیٹ تعمیر کئے گئے ہیں جن میں سے 4ہزار112مکمل کئے جا چکے ہیں اور 3ہزار257فلیٹ ملازمین کو الاٹ کئے گئے ہیں۔ریلیف اینڈ ریہبلٹیشن کمشنر نے جانکاری دی کہ باقی ماندہ 680فلیٹس اس سال اپریل مہینے کے آخر تک مکمل کئے جائیں گے ۔دریں اثنا صوبائی کمشنر نے سنگل یوز پلاسٹک کا قلع قمع کرنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا صوبائی سطح کی پلاسٹک ویسٹ منیجمنٹ سیل کی میٹنگ کے دوران جائزہ لیا ۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ کشمیر میں سنگل یوز پلاسٹک پر پابندی کوسختی سے عائد کریں ۔

ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک قلمکار بشیر احمد بڑھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر نے موجودہ خشک اور گرم موسمی صورتحال کے پیش نظر باغ مالکان کیلئے ایک ایڈوئزری جاری کی ہے ۔ ماہرین نے باغ مالکان سے کہا ہے کہ وہ میوہ

---

لگائیں۔کسانوں سے کہا گیا Organic Mulch ۂ بوٹوں کے جڑوں کے نزدیک چار سے چھ انچ کا ہے کہ وہ مزید جانکاری کیلئے متعلقہ کرشی وگیان کیندروں یایو نیورسٹی کے ایگرو میٹرولاجی ڈویژن سے رابطہ قائم کریں ۔

ASMITA

ملک بھر میں کھیلوں میں خواتین کی شرکت کو فروغ دینے کیلئے اس سال خواتین کے عالمی دن لیگ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ASMITA کے موقعے پر

اس اقدام کے تحت ملک کی 30سے زاید ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے 250مقامات پر خواتین کیلئے کھیل کود کے متعدد مقابلے منعقدکئے جائیں گے۔

پلیٹ فارم سال 2021میں لانچ کیا گیا تھا اور یہ کھیلو انڈیا کے ایک اہم جُز ASMITA واضح رہے کے طور پر اُبھرا ہے ۔

ریل

مسافروں کے سفر کو مزیداحسن اور آرام دہ بنانے کیلئے ریلوے کی جانب سے ریل ون اپلی کیشن کو لانچ کیا گیا ہے ۔ اس اپلی کیشن کی بدولت ریل کے ذریعے سفر کرنے والوں کیلئے ایک ہی پلیٹ فارم پر مختلف خدمات فراہم کی جائینگی ۔

کرکٹ

عالمی کپ کرکٹ کے فائنل میچ میں کل یعنی ایتوار کے روز احمد آباد کے ICC-T-20 مردوں کے نریندر مو دی اسٹیڈیم میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہو گا۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جمونکشمیر کے مینکہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت21 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر51منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر31منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ